## خدا کے واسطے آپس میں لڑائی کے بجائے ایک دوسرے کی جان و مال اور عبادتگاہوں اور عقائد کا احترام کریں۔ پارہ چنار کے عوام سے الطاف حسین کی اپیل

## دونوں فرقوں کے علمائے کرام قیام امن کیلئے آپس میں بیٹھ کر صلح اور افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کریں۔ الطاف حسین

## ملک پہلے ہی انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے ایسے میں ہمیں اتحاد ویکجہتی اور بھائی چارے کی اشد ضرورت ہے

لندن ۔۔۔20 جون 2008ء.. متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پارہ چنار میں قبائلی عوام کے درمیان فرقہ وارانہ تصادم پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور تصادم کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے پارہ چنار کے شیعہ سنی قبائلی عوام سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ تصادم اور فساد کے بجائے امن وآشتی کا راستہ اختیار کیا جائے اور ایک دوسرے کے مذہبی عقائد کا احترام کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک پہلے ہی انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے ایسے میں ہمیں اتحاد ویکجہتی اور بھائی چارے کی اشد ضرورت ہے لہٰذا میں پارہ چنار کے عوام سے خدا اور رسولؐ کے واسطے اپیل کرتا ہوں کہ وہ آپس میں لڑائی کے بجائے ایک دوسرے کی جان و مال اور عبادتگاہوں اور عقائد کا احترام کریں، آپس میں اتحاد وبھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء برقرار رکھیں اور جو عناصر ''لڑاؤ اور حکومت کرو'' کی پالیسی کے تحت عوام کو آپس میں لڑانے کی باتیں کرتے ہیں ان کی شرانگیزی میں نہ آئیں۔ جناب الطاف حسین نے پارہ چنار کے دونوں فرقوں کے علمائے کرام سے بھی اپیل کی کہ وہ قیام امن کیلئے آپس میں بیٹھ کر صلح اور افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کریں۔انہوں نے تصادم کے دوران جاں بحق ہونے والے افراد کیلئے دعائے مغفرت کی، ان کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں، عہدیداران کرسچن ایسوسی ایشن

## اقلیتی بستی مشن کمپاؤنڈ نشتر روڈ کے عیسائی مکینوں کی حق پرست رکن اسمبلی اسٹیفن آصف سے ملاقات

## حق پرست رکن اسمبلی کو وفد نے مسائل سے آگاہ کیا اور انہیں مشن کمپاؤنڈ کے دورے کی دعوت دی

کراچی ۔۔۔20، جون 2008ء... صدر ٹاؤن کی اقلیتی بستی مشن کمپاؤنڈ نشتر روڈ کے عیسائی مکینوں اور کرسچن ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے ایک وفد نے مسیحی ٹیچر اور دانشور ٹیرنس ملک کی سربراہی میں حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف سے ملاقات کی اور انہیں مشن کمپاؤنڈ کے مسائل سے آگاہ کیا اور مشن کمپاؤنڈ کے دورے کی دعوت دی ۔اس موقع پر ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج منور الاسلام اور اراکین بھی موجود تھے۔ وفد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو سراہا اور کہا کہ ہم جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں۔ وفد نے اس یقین کا بھی اظہار کیا ہے کہ حق پرست قیادت بلاتفریق انسانیت کی خدمت کے عمل کو جاری رکھتے ہوئے نت نئے ریکارڈ قائم کرتی رہے گی۔

## ایم کیو ایم محمود آباد، کورنگی، شاہ فیصل اور ناظم آباد گلبہار سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔20، جون 2008ء--- متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن طارق محمود کی اہلیہ نزہت طارق، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن عظمت اللہ کے والد حشمت اللہ، ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن محمد شمشاد شیخ کی والدہ محترمہ بیت النساء اور ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کی یونٹ کمیٹی کے رکن آفاق قریشی کی والدہ محترمہ شمیم النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## انجمن تاجران پشین کے رہنما قادر آغا کو فی الفور بازیاب کرایا جائے، سردار انور خان ترین

## پشین میں تاجر قادر آغاز کے اغواء کی واردات کے سلسلے میں ریلی اور آل پارٹیز جلسہ سے ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی ایڈھاک کمیٹی کے رکن کا خطاب

پشین۔۔۔20، جون 2008ء-- متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کی صوبائی ایڈھاک کمیٹی کے رکن سردار محمد انور خان ترین نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خلاف زہریلا پروپیگنڈا اس لئے کیا جاتا ہے کہ انہوں نے ملک میں رائج فرسودہ نظام اور موروثی سیاست کے خلاف حق آواز بلند کی ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز انجمن تاجران پشین کے رہنما قادر آغا کے اغواء کی واردات کے خلاف انجمن تاجران پشین کے زیراہتمام ریلی اور آل پارٹیز کے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ریلی اور آل پارٹیز جلسہ میں پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی، مسلم لیگ (ق)، اے این پی، پیپلز پارٹی، جماعت اسلامی، ایم کیوایم اور انجمن تاجران پشین کے عہدیداران وارا کین اور علاقے کے قبائلی و سیاسی عمائدین، نوجوان طلباء اور اہلیان پشین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سردار انور خان ترین نے کہا کہ ایم کیوایم ایک نظریاتی تحریک ہے اور ملک کو چند مراعات یافتہ خاندانوں کے چنگل سے نکالنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے ہر انتخابات میں غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو نہ صرف اسمبلیوں کا ٹکٹ دیا بلکہ انہیں عملی طور پر ایوانوں میں بھیج کر غریب ومتوسط طبقے کو باوقار مقام دلایا۔ سردار انور خان ترین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ انجمن تاجران پشین کے رہنما قادر آغا کو فی الفور بازیاب کرایا جائے اور تاجروں کے تحفظ کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ اس موقع پر پشتون نوجوانوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے حق میں فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔

## پاکستانی بنگالی ایکشن کمیٹی کے نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔20، جون 2008ء---- پاکستانی بنگالی ایکشن کمیٹی کے نمائندہ وفد نے شیخ محمد فیروز کی سربراہی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب اور رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب سے ملاقات کی اور انہیں فارن رجسٹریشن اسپیشل برانچ (ایف آر ایس بی) کی جانب سے کراچی اور بیرون ملک بنگالی برادری کے ساتھ کی جانے والے ظلم وزیادتیوں سے تفصیل سے آگاہ کیا۔ وفد کے ارکان میں پاکستانی بنگالی ایکشن کمیٹی سعودی عرب کے ذمہ دار مولانا نور عالم سیفی اور دبئی کے ذمہ دار سلطان قابوض کے علاوہ دیگر شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کو بتایا کہ ایف آر ایس بی کے اہلکار عرصہ دراز سے پاکستانی پاسپورٹ اور شناختی کارڈز رکھنے والے بنگالیوں کو بلا جواز گرفتار کرکے انہیں بھاری رشوت کے عوض رہا کررہے ہیں اور جو غریب افراد رشوت دینے سے قاصر ہوتے ہیں انہیں جھوٹے مقدمات میں ملوث کرکے جیلوں میں بند کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارن رجسٹریشن اسپیشل برانچ کی جانب سے بنگالیوں کی غیر قانونی اور بلاجواز گرفتاریوں کے باعث بنگالی برادری میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کے ارکان کے مسائل کو غور سے سنا اور انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم بنگالی برادری کے جائز مسائل کے حل کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرے گی۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ فارن رجسٹریشن اسپیشل برانچ کے اہلکاروں اور پولیس کی جانب سے پاکستانی شہریت رکھنے والے بنگالیوں کی غیر قانونی گرفتاریوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور گرفتار کے گئے بے گناہ بنگالیوں کو فوری رہا کیا جائے۔

☆☆☆☆☆